نمبر : 2583

| | | | |
|---|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | کلیات میر جعفر زٹل (قلمی+مطبوعہ) | |
| مصنف | : | میر جعفر زٹل | |
| مہر ومالک | : | محمد شریف بن شیخ غلام احمد صدیقی | |
| سائز | : | 23x12 cm | سطور : |
| اوراق | : | ۲۳ تا ۳۳ = ۱۰ | کاتب : محمد شریف بن شیخ غلام احمد صدیقی |
| خط | : | نستعلیق | تاریخ کتابت : نامعلوم |
| زبان | : | فارسی | موضوع : ادب |
| آغاز | : | از اہل دہر کلفت اگر میر سد ترا یکسو نشین کہ گوشہ زعالم غنیمت است تربوزہ خربوزہ نرسد کریدست | |
| اختتام | : | فرد : جعفر بکر دیارا کر بھیڑ بھاڑھی - توں یہی کہسر پسر کی کہشیرم کہاڑھے | |
| ترقیمہ | : | تمت تمام شد انتخاب نسخہ دیوان جعفر زٹلی کاتبہ و مالکہ محمد شریف بن شیخ غلام احمد صدیقی۔ | |

حالت : مجلد، ناقص الاول

نوٹ : اس مخطوطہ نسخے کے ساتھ مطبوعہ نسخہ بھی جلد سازی میں لگا گیا ہے۔ مطبوعہ نسخہ جناب مولوی محمد فرحت اللہ صاحب بلند شہری کا ترتیب دیا ہوا ہے جو بجنور سے چھپا تھا۔ عرض ناشر میں تحریر کیا گیا ہے کہ میر جعفر زٹلی مرحوم کا کلام نثر و نظم عرصہ سے کمیاب بلکہ نایاب تھا اور عام خواہش پائی جاتی تھی کہ دوبارہ اس کو طبع کرایا جائے۔ میرے بعض مخلص احباب نے اس پر زیادہ زور دیا اور میں نے مجبور ہو کر متعدد نسخے کلیات جعفر زٹلی کے بہم پہونچائے جن میں اکثر غلط در غلط بلکہ مسخ تھے۔ آخر ایک قلمی نسخہ ایسا ہاتھ آیا جس سے ترتیب کا کام لیا جا سکے۔ جناب مولوی محمد فرحت اللہ صاحب بلند شہری نے ایک مختصر مقدسہ میر جعفر کی شاعری کے موضوع پر لکھا ہے۔ جو مطبوعہ نسخہ کے ساتھ ملحق ہے۔ مطبوعہ نسخہ میں نثر اور نظم دونوں کلام کا ذکر ہے۔ مخطوطہ نسخہ ناقص الاول ہے۔ ورق نمبر ۲۳ سے ۳۳ تک ہے۔ ورق نمبر ۳۳ آخر میں لگانے کے بجائے ابتداء میں لگا دیا گیا ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ مطبوعہ اور مخطوطہ نسخہ میں ایک دو صفحات کو چھوڑ کر کافی اختلاف ہے۔ جیسے ترکیب نامہ ادویہ قوت باہ تو دونوں میں یکساں ہے باقی مختلف ہے۔ نیز نثر والا کلام بھی مخطوطہ میں شامل نہیں ہے۔